14جون2019ء

## مالی سال19ء کے پہلے گیارہ ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 20.19 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 19ء کے پہلے گیارہ ماہ (جولائی تا مئی) میں 20190.98 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جو گذشتہ برس کی اسی مدت میں موصول ہونے والے 18285.90 ملین ڈالر کے مقابلے میں 10.42 فیصد نمو کو ظاہر کرتا ہے۔

مئی 2019ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 2315.74 ملین ڈالر رہی اپریل 2019ء کے مقابلے میں 30.17 فیصد زائد جبکہ مئی 2018ء کے مقابلے میں 28.36 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک مئی 2019ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 493.73 ملین ڈالر، 476.57 ملین ڈالر، 346.81 ملین ڈالر، 387.09 ملین ڈالر، 237.76 ملین ڈالر، اور 70.61 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ مئی 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 432.05 ملین ڈالر، 373.85 ملین ڈالر، 290.26 ملین ڈالر، 269.11 ملین ڈالر، 178.96 ملین ڈالر اور 60.34 ملین ڈالر تھیں۔ مئی 2019ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 303.17 ملین ڈالر رہیں جبکہ مئی 2018ء میں ان ملکوں سے 199.51 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******